# شرح عقائد نسفی

## FIRST 40%

## McQ + SQ


خصوصی کاوش:

علی اصغر عطاری

و سیم سجاد عطاری

معلم:

حضرت علامہ مولانا

مفتی محمد اختر رضا عطاری مدنی صاحب

درجہ سابعہ جامعۃ المدینہ فیضان مدینہ جھنگ

01= متن العقائد تصنیف ہے؟

نجم الدین ابو حفص عمر بن محمّد النسفی

02= جمع الفرائد تصنیف ہے؟

صدر الورٰی القادِری المصباحی

03= شرح العقائد تصنیف ہے؟

سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی

04= سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی کا سنِ ولادت ہے؟

712 ھ

05= سعد الدین مسعود بن عمر تفتازانی کا سنِ وفات ہے؟

791 ھ

06= میزان العقائد و شرحه تصنیف ہے؟

شاہ عبد العزیز محدِّث دہلوی

07= علمِ شریعت و احکام اور اسلامی عقائد کے قواعد کی بنیاد ہے؟

علم التوحید و الصفات

08= علم التوحید و الصفات کو نام دیا جاتا ہے؟

الکلام

09= اقتِصاد کی طرفیں ہیں؟

02 ہیں اطناب و اخلال

10= جو احکامِ شرعیہ کیفیتِ عمل کیساتھ متعلّق ہیں انکو نام دیا جاتا ہے؟

فرعیّہ و عملیّہ

11= جو احکامِ شرعیہ عقائد کیساتھ متعلّق ہیں انکو نام دیا جاتا ہے؟

اصلیّہ و اعتقادیّہ

12= فرعیّہ و عملیّہ کو کہا جاتا ہے؟

علم الشرائع و الاحکام

13= اصلیّہ و اعتقادیّہ کو کہا جاتا ہے؟

علم التوحید و الصفات

14= کس علم کے مباحث و مقاصد زیادہ مشہور و اشرف ہیں؟

علم التوحید و الصفات

15= جو تفصیلی دلائل سے عملی احکام کی معرفت دے اسکا نام ہے؟

الفقه

16= احکام کے افادہ میں اجمالاً دلائل کے احوال کی معرفت دے اسکا نام ہے؟

اصول الفقہ

17= جو تفصیلی دلائل سے عقائد کی معرفت دے اسکا نام ہے؟

الکلام

18= کلام کو کلام کہنے کی کتنی وجوہات ہیں؟

08

19= علماء کی مباحث کا عنوان ہوتا تھا؟

الکلام فی کذا و کذا

20= علمِ کلام متحقق ہوتا ہے؟

مباحثہ کیساتھ

21= 2 کلاموں میں سے اقوٰی کیلئے کہا جاتا ہے؟

ھذا ھو الکلام

22= علمِ کلام کی بنیاد ہے؟

دلائلِ قطعیّہ پر

23= دلائلِ قطعیّہ میں سے اکثر کی تأیید ہوتی ہے؟

دلائلِ سمعیّہ کیساتھ

24= کلام مشتق ہے؟

کلِم سے

25= کلِم کا معنٰی ہے؟

جرح یعنی زخمی کرنا

26= سب سے پہلے اسلامی فرقوں کیساتھ کس نے اختلاف کیا؟

معتزلہ نے

27= فرقۂ معتزلہ کا بانی کون ہے؟

واصل بن عطاء

28= واصل بن عطاء کن کا شاگرد تھا؟

حسن بصری

29= معتزلہ اپنے آپکو کیا کہتے تھے؟

اصحاب العدل و التوحید

30= ابو الحسن اشعری کس کے شاگرد تھے؟

ابو علی جبائ معتزلی

31= معتزلہ کن صفات کی نفی کرتے تھے؟

صفاتِ قدیمہ

32= ابو علی جبائ سے کتنے بھائیوں کے متعلّق سوال ہوا؟

03

33= ابو علی جبائ معتزلی کا رد کس نے کیا؟

ابو الحسن اشعری

34= فلسفہ منقول ہے؟

یونانی سے عرَبی زبان میں

35= علمِ کلام فلسفہ سے ممتاز نہ ہوتا اگر یہ مشتمل نہ ہوتا؟

دلائلِ سمعیہ پر

36= مذکورہ بالا قول کس کا ہے؟

متاخرین کا

علمِ کلام کے اشرف العلوم ہونے کی کتنی وجوہات ہیں؟

04

37= سلف نے کتنے قسم کے اشخاص کو علمِ کلام پڑھنے سے منع کیا؟

04

38= جو حکم واقع کے مطابق ہو وہ کیا ہے؟

حق

39= حق کا اطلاق کتنی چیزوں پر ہوتا ہے؟

04 پر

40= صدق خاص طور پر کس میں شائع ہے؟

اقوال

41= حق میں کس کی جانب سے مطابقت کا اعتبار کیا جاتا ہے؟

واقع کی جانب سے

42= صدق میں کس کی جانب سے مطابقت کا اعتبار کیا جاتا ہے؟

حکم کی جانب سے

43= اشیاء کی حقیقت کیا ہے؟

ثابت ہے

44= حیوانِ ناطِق انسان کیلئے کیا ہے؟

حقیقت

45= ضاحِک اور کاتِب انسان کے کیا ہے؟

عوارض

46= ما به الشئ هو هو تحقّق کے اعتبار سے ہے؟

حقیقت

47= ما به الشئ هو هو تشخّص کے اعتبار سے ہے؟

هُوِيَّة

48= ما به الشئ هو هو تحقّق و تشخّص کے علاوہ ہو تو یہ ہے؟

ماهیّة

49= ہمارے ہاں شیئ کس کا نام ہے؟

موجود کا

50= ثبوت، تحقّق، وجود اور کون الفاظ ہیں؟

مترادف

51= حقائق الأشیاء سے کیا مراد ہے؟

جنکا ہم اعتِقاد رکھتے ہیں

52= ثابتةٌ سے کیا مراد ہے؟

جو نفس الأمر میں موجود ہیں

53= جسم کا لحاظ کرتے ہوئے انسان پر حیوانیت کا حکم لگانا کیا ہے؟

مفید

54= حقائق الأشیاء ثابتةٌ و العلم بها...؟

متحقّق

55= سوفسطائیةٌ کے کتنے فرقے ہیں؟

03

56= جو حقیقتِ اشیاء کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ یہ تمام وہم اور خیالاتِ باطلہ ہیں انکا نام کیا ہے؟

عنادیه

57= جو حقیقتِ اشیاء کے منکر ہیں اور کہتے ہیں کہ تمام اعتِقاد کے تابع کہتے ہیں انکا نام کیا ہے؟

عندیّه

58= جو حقیقتِ اشیاء کے ثبوت و عدمِ ثبوت میں شک کرتے ہیں انکا نام کیا ہے؟

لا ادریّه

59= بعض اشیاء کے ثبوت کا یقین کتنے اور کونسے طریقوں سے ہوتا ہے؟

02 طریقوں سے مشاہدہ اور بیان

60= حسّیّات اور بدیهیّات کس میں سے ہیں؟

ضروریات میں سے

61= نظریّات ضروریات کی کیا ہے؟

فرع

62= عُقَلاء کا اکثر اختلاف کس میں ہے؟

نظریّات میں

63= بدیھی میں اختلاف کیوں ہوتا ہے؟

عدمِ الفت و عادت یا تصور میں خفاء کی بنا پر

64= خصوصاً کس کیساتھ مناظرہ کی کوئی راہ نہیں؟

لا ادریہ کیساتھ

65= لا ادریہ کیساتھ مناظرہ کسطرح ہو سکتا ہے؟

انکو آگ میں ڈال دیا جائے

66= لا ادریہ کو آگ میں کیوں ڈالا جائے؟

تاکہ حقیقتِ اشیاء کا اعتراف کریں یا جل جائیں

67= سوفسطا کا معنٰی کیا ہے؟

حکمتِ مموّھة اور علمِ مزخرف

68= سوفا کا معنٰی کیا ہے؟

علم و حکمت

69= اسطا کا معنٰی کیا ہے؟

المزخرف و الغلط

70= سفسطه کا معنٰی کیا ہے؟

محبّ الحکمة

71= علم کی کتنی تعریفات کیں؟

02

72= اشاعرہ کی علم کی تعریف تصدیقات میں سے کس کو شامل نہیں؟

غیرِ یقینیات کو

73= شارح کی علم کی تعریف میں تجلّی کو کس پر محمول کیا جائے گا؟

انکِشافِ تام پر

74= اسبابِ علم کتنے ہیں؟

03

75= سببِ علم خارج سے ہو تو کیا ہے؟

خبر صادق

76= سببِ علم آلۂِ غیرِ مُدرِکہ سے ہو تو کیا ہے؟

حواسّ

77= سببِ علم آلۂِ مُدرِکہ سے ہو تو کیا ہے؟

عقْل

78= تمام عُلوم میں سببِ موثّر کون ہے؟

اللّٰہ تعالٰی

79= اسبابِ علم کو **3** میں منحصر کیوں کیا؟

مقاصد پر اکتفاء کرنے میں مشائخ کی عادت کیمطابق

80= جوعًا و عطشًا کس کی مثال ہے؟

وجدانیات کی

81= سقمونیا مسھل کس کی مثال ہے؟

تجربہ کی

82= عالَم حادث ہے کس کی مثال ہے؟

عقْل کی

83= حواسّ کس کی جمع ہے؟

حاسّہ کی

84= حواسّ کس معنٰی میں ہے؟

حاسّہ کی قوت کے

85= حواسّ کتنے ہیں؟

**05**

86= فلاسفہ وہ کونسے حواسّ ثابت کرتے ہیں جنکے دلائل اسلامی اصولوں کیمطابق نہیں؟

باطنہ

87= 1 حاسّہ دوسرے حاسّے کا کام دے یہ ہے؟

جائز

88= خبر صادق سے کیا مراد ہے؟

جو خبر واقع کیمطابق ہو

89= کتب میں خبر صادق کی کتنی تراکیب ہیں؟

**02** ہیں۔ الخبر الصادق ، خبر الصادق۔

90= شرح عقائد میں خبر صادق کی کتنی اقسام ہیں؟

**02**

91= خبر صادق کی پہلی نوع کس بارے میں ہے؟

خبرِ متواتر کے

92= خبرِ متواتر کی وجۂِ تسمیہ؟

کیونکہ یہ تعاقُب و توالی کیساتھ واقع ہوتی ہے

93= خبرِ متواتر لازمی طور پر کس علم کو واجب کرتی ہے؟

علمِ ضروری

94= ظن کو ظن کیساتھ ملانا کس کو واجب نہیں کرتا ؟

یقین

95= سُمنیہ اور براھمہ کس جماعت سے ہیں؟

عقلاء

96= سوفسطائیہ کا اختلاف ہے؟

تمام ضروریات یعنی بدیھیّات میں

97= خبر صادق کی دوسری نوع کس بارے میں ہے؟

خبرِ رسول صلّی اللّٰہُ علیه و آله و سلّم کے

98= نبی رسول سے کیا ہے؟

عام

99= خبرِ رسول کس علم کو واجب کرتی ہے؟

علمِ استِدلالی

100= شرح عقائد میں دلیل کی کتنی تعریفات ذکر کیں؟

**03**

101= دلیل کی پہلی تعریف کیمطابق وجودِ صانع پر کیا دلیل ہے؟

عالَم

102= دلیل کی دوسری تعریف کیمطابق وجودِ صانع پر کیا دلیل ہے؟

العالم حادث و کل حادث فله صانع

103= خبرِ رسول سے ثابت ہونے والا علم کس کے مشابہ ہوتا ہے؟

جو علم ضروری طور پر ثابت ہو

104= تیقّن سے مراد کیا ہے؟

جس میں نقیض کا احتِمال نہ ہو

105= ثبات سے کیا مراد ہے؟

مُشکِّک کے شک کیساتھ زائل ہونے کا احتِمال نہ ہو

106= خبرِ رسول کا علمِ یقینی اگر مطابق نہ ہو تو یہ کیا ہوگا؟

جہلِ مرکب

107= خبرِ رسول کا علمِ یقینی اگر جازم نہ ہو تو یہ کیا ہوگا؟

ظنّ

108= خبرِ رسول کا علمِ یقینی اگر ثابت نہ ہو تو یہ کیا ہوگا؟

تقلید

109= خبرِ رسول کو خبرِ متواتر کی قسیم بنانے کے کتنے جواب دیے؟

03

110= خبرِ واحد مفید للعلم کیوں نہیں؟

شبہ کے پائے جانے کی وجہ سے

111= خبر سے حاصل ہونے والا علم کتنی صورتوں میں ضروری ہوگا؟

02

112= کلام کے مضمون اور اسکے مدلول کے ثبوت کا علم کیا کہلاتا ہے؟

استِدلالی

113= البیِّنۃ علی المدَّعی و الیمین علی من انکر شارح کے ہاں کیا ہے؟

خبرِ متواتر

114= مذکورہ بالا حدیث سے معلوم ہوا کہ گواہ مدعی پر ہیں یہ علم کونسا ہے؟

استِدلالی

115= خبر صادق کو 2 انواع میں منحصر کیوں کیا؟

کیونکہ یہ عامۃ الخلق کیلئے مفید للعلم ہے

116= اللہ تعالٰی یا فرشتے کی خبر رسول کیطرف سے پہنچے تو اسکا حکم ہوگا؟

خبرِ رسول کیطرح

117= اہلِ اجماع کی خبر کس حکم میں ہے؟

متواتر کے

118= عقل کی کتنی تعریفات کیں؟

02

119= غائبات کا ادراک ہوتا ہے؟

وسائط کیساتھ

120= محسوسات کا ادراک ہوتا ہے؟

مشاہدہ کیساتھ

121= جمیع نظریات میں اختِلاف ہے؟

سُمنیہ اور ملاحدہ کا

122= إلاهیات میں اختِلاف ہے؟

بعض فلاسفہ کا

123= اِنکے اختِلافات کی بِنا کتنی چیزوں پر ہے؟

02

124= کبھی ضروری میں کتنی وجہ سے اختِلاف ہوتا ہے؟

02

125= عقول کے مختلف ہونے کی کتنی وجوہات ہیں؟

03

126= کونسی نظرِ صحیح مفید للعلم ہے؟

جو اپنے شرائط کیساتھ ملی ہو

127= جو علم عقل سے بداهةً ثابت ہو وہ ہے؟

ضروری

128= جو علم عقل سے استِدلال کیساتھ ثابت ہو وہ ہے؟

اکتِسابی

129= علّت سے معلول پر استِدلال کہلاتا ہے؟

تعلیل

130= معلول سے علّت پر استِدلال کہلاتا ہے؟

استِدلال

131= اکتِسابی سے کیا مراد ہے؟

جو کسب سے حاصل ہو

132= کسب سے کیا مراد ہے؟

اختِیار کیساتھ اسباب کو استِعمال کرنا

133= اکتِسابی استِدلالی سے کیا ہے؟

عام

134= جو دلیل میں نظر کرنے سے حاصل ہو وہ ہے؟

استِدلالی

135= ہر استِدلالی ہے؟

اکتِسابی

136= کیا ہر اکتِسابی کا استِدلالی ہونا ضروری ہے؟

نہیں

137= اکتِسابی و استِدلالی کی بحث پر مشتمل صاحِب البدایۃ کے کلام میں نہیں ہے؟

تناقُض

138= صاحِب البدایۃ کا نام ہے؟

امام نور الدین بخاری

139= صاحِب البدایۃ کیمطابق حادث علم کی اقسام ہیں؟

02

140= صاحِب البدایۃ کیمطابق اسبابِ علم ہیں؟

03

141= صاحِب البدایۃ کیمطابق نظرِ عقل کی اقسام ہیں؟

02

142= فیض کے طریقے پر دل میں بات ڈالنا کہلاتا ہے؟

الہام

143= کس نے الہام کو اسبابِ علم میں شامل نہیں کیا؟

اہلِ حق نے

144= علم خاص ہے؟

مرکبات و کلیات کیساتھ

145= معرفۃ خاص ہے؟

بسائط و جزئیات کیساتھ

146= عادل کی خبر اور تقلیدِ مجتہد کتنی چیزوں کا فائدہ دیتی ہیں؟

02

147= اللہ تعالیٰ کے علاوہ جن موجودات کے ذریعے صانع کو پہچانا جائے وہ کیا ہے؟

عالَم

148= اللہ تعالیٰ کی صفات ہیں؟

نہ عینِ ذات اور نہ ہی غیرِ ذات

149= فلاسفہ کے ہاں کتنی چیزیں قدیم ہیں؟

02

150= فلاسفہ کے ہاں آسمان کتنی چیزوں کیساتھ قدیم ہے؟

03

151= فلاسفہ کے ہاں عناصرِ اربعہ کتنی چیزوں کیساتھ قدیم ہے؟

02

152= عناصرِ اربعہ سے مراد ہے؟

آگ، پانی، مِٹی، ہوا

153= ما سوی اللّٰہ پر کس معنٰی میں حدوث کا اطلاق کیا؟

غیر کیطرف محتاج ہونے کے

154= عالَم کس کا مجموعہ ہے؟

اعیان و اعراض کا

155= جو ممکن الوجود قائم بذاتہ ہو وہ ہے؟

اعیان

156= متکلّمین کے ہاں قائم بذاتہ کیا ہے؟

جسکا حیِّز غیر کے حیِّز کے تابع نہ ہو

157= عرض کا محل سے انتِقال ہے؟

محال

158= جسم کا حیِّز سے انتِقال ہے؟

جائز

159= فلاسفہ کے ہاں قائم بذاتہ کیا ہے؟

شے کا قائم کرنیوالے محل سے بے پرواہ ہونا

160= شے کا دوسری شے کیساتھ خاص ہونے کی حیثیت سے پہلا کیا بنے گا؟

صفت

161= شے کا دوسری شے کیساتھ خاص ہونے کی حیثیت سے دوسرا کیا بنے گا؟

موصوف

162= قائم بذاتہ کی کتنی اقسام ہیں؟

02

163= اجزاءِ جسم کے متعلّق کتنے اقوال ہیں؟

03

164= ابعادِ ثلاثہ سے مراد ہے؟

طول، عرض، عمق

165= وہ عین جو فعلی، فرضی اور وہمی طور پر تقسیم کو قبول نہ کرے وہ کیا ہے؟

جوہر

166= عینِ غیرِ مرکّب کی کتنی اقسام ہیں؟

5

167= کس کے ہاں جوہرِ فرد کا وجود نہیں ہے؟

فلاسفہ

168= فلاسفہ کے ہاں جسم کس سے مرکب ہے؟

ہیولی اور صورت سے

169= شرح عقائد میں جزء لا یتجزّی کے اثبات پر کل کتنے دلائل دیے گئے؟

03

170= جزء لا یتجزّی کے اثبات پر مشائخ نے کتنی وجوہات سے دلائل پیش کیے؟

02

171= شارح کے ہاں جزء لا یتجزّی کے اثبات کے تمام دلائل ہیں؟

ضعیف

172= سطح حقیقی پر کرۂ حقیقی کا رکھنا کس پر دلالت کر رہا ہے؟

نقطے کے ثبوت پر

173= محل میں نقطے کا حُلول ہے؟

حُلولِ طریانی

174= فلاسفہ کے ہاں جسم کس کو قبول کرتا ہے؟

غیر متناہی تقسیم کو

175= فلاسفہ کے ہاں لا الی نہایۃ تک افتِراق ہے؟

ممکن

176= جزء لا یتجزّی کے اثبات و ابطال کے دلائل ضعیف ہونے کی وجہ سے کس نے توقّف کیا؟

امام فخر الدین رازی

177= ہیولی اور صورت کا اثبات کتنے محال کو مستلزم ہے؟

02

178= جو قائم بذاتہ نہ ہو وہ ہے؟

عرض

179= کتنی اعراض محل کے بغیر سمجھی جا سکتی ہیں؟

بعض اعراض

180= شرح عقائد میں رنگ کے کتنے اصول ذکر کیے؟

02

=181 اکوان سے کیا مراد ہے؟

اجتماع، افتراق، حرکت اور سکون

=182 شرح عقائد میں ذائقے کی کتنی انواع ذکر کیں؟

09

=183 روائح کی کتنی انواع ہیں؟

کثیر

=184 اجسام و جواہر کیا ہیں؟

اعیان

=185 اعراض کتنی وجوہات سے حادث ہیں؟

02

=186 اگر قدیم واجب لذاتہ ہو تو یہ کیا ہے؟

ظاہر

=187 جو چیز قصد اور اختیار کیساتھ صادر ہو وہ ضرور ہوگی؟

حادث

=188 کونسی شے حرکت اور سکون سے خالی نہیں؟

اعیان

=189 اجسام و جواہر کس چیز میں ہونے سے خالی نہیں؟

حیِّز میں ہونے سے

=190 حرکت و سکون حادث ہیں کیونکہ یہ ہیں؟

اعراض میں سے

=191 جسکا عدم جائز ہو اسکا قدیم ہونا ہے؟

محال

=192 حدوثِ اعیان مستلزم ہے؟

حدوثِ اعراض کو

=193 ہر حرکت سے پہلے دوسری حرکت ہے غیر متناہی حد تک، یہ کس کا مذہب ہے؟

فلاسفہ کا

=194 جسم کے ابعادِ ثلاثہ کس میں سرایت کرتے ہیں؟

حیِّز میں

=195 مُحدِث عالَم میں سے ہوتا اگر وہ ہوتا؟

جائز الوجود. معاذ اللّٰہ

196= تمام ممکنات کیلئے ضروری ہے کہ انکا مبدأ ہو؟

واجب الوجود

197= بُرہانِ تطبیق دلیل ہے؟

بُطلانِ تسلسل کی

198= جو متناہی پر متناہی مقدار کیساتھ بڑھے وہ ضرور ہوگا؟

متناہی

199= اللہ تعالٰی کی معلومات و مقدورات کے غیر متناہی ہونے کے باوجود زیادہ کیا ہے؟

معلوماتِ اِلٰہیہ

200= بُرہانِ تمانُع دلیل ہے؟

اثباتِ توحید کی

201= 2 متضاد ارادوں کا جمع ہونا کیا ہے؟

جائز

202= 2 متضاد مرادوں کا جمع ہونا کیا ہے؟

محال

203= اللہ تعالٰی کا فرمان {۞[﴿ لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا ﴾]۞} کیا ہے؟

حجةٌ اقناعيةٌ اور ملازمةٌ عادية

204= امکانِ تمانُع مستلزم ہے؟

صانع کے عدمِ تعدّدِ کو

205= قدیم واجب الوجود سے کیا ہے؟

عام

206= قدیم اور واجب الوجود میں کونسی نسبت ہے؟

عموم و خصوص مطلق

207= قدیم ذات و صفات میں سے کس کا تعدُّد محال ہے؟

قدیم ذات کا

208= قیام المعنٰی بالمعنٰی کیا ہے؟

محال

209= حقیقی انواع اضافت یا ذات میں سے کس کیساتھ مختلف ہوتی ہیں؟

ذات کیساتھ

210= کن کے ہاں جوہر وہ موجود شے ہے جو کسی محل میں نہ ہو چاہے مجرّد ہو یا متحیز؟

فلاسفہ

**211=** اللہ تعالیٰ پر موجود، واجب الوجود، قدیم اور اسکے مثل کا اطلاق کیسے درست ہے؟

اجماع کیساتھ

212= شکل و صورت اجسام کو کتنے واسطوں سے حاصل ہوتی ہے؟

**03**

**213=** کمّیاتِ متّصلہ سے کیا مراد ہے؟

مقادیر

**214=** کمّیاتِ منفصلہ سے کیا مراد ہے؟

اعداد

**215=** اجزاء سے مرکّب ہونے کے اعتبار سے چیز کو کیا کہا جاتا ہے؟

مترکّب

**216=** اجزاء کیطرف کھلنے کے اعتبار سے چیز کو کیا کہا جاتا ہے؟

متبعّض اور متجزّی

**217=** متناہی ہونا کونسی صفات میں سے ہے؟

مقادیر اور اعداد

**218=** مُجانست اپنے ہم جنسوں سے فصول کیساتھ کیا چیز واجب کرتی ہے؟

ممتاز ہونے کو

**219= 1** بُعد کا دوسرے بُعد میں سرایت کرنے کا نام ہے؟

تمکّن

**220=** جو امتِداد جسم کیساتھ یا بذاتِ خود قائم ہو وہ کیا ہے؟

بُعد

**221=** متمکّن اور متحیّز کے درمیان کونسی نسبت ہے؟

عموم و خصوص مطلق

**222=** ممتد یا غیر ممتد شے جس موہومی خلا کو بھر دے وہ خلا کیا ہے؟

حیِّز

**223=** ہمارے ہاں جس متجدّد شے کے ذریعے دوسری متجدّد شے کا اندازہ لگایا جائے وہ کیا ہے؟

زمانہ

**224=** کس کے ہاں مقدارِ حرکت کا نام زمانہ ہے؟

فلاسفہ

**225=** مشائخ کے ہاں لغوی اعتبار سے عرض کا معنٰی کیا ہے؟

جسکا بقاء ممتنع ہو

226= مشائخ کے ہاں لغوی اعتبار سے جوہر کا معنٰی کیا ہے؟

جس سے اسکا غیر مرکب ہو

227= مشائخ کے ہاں لغوی اعتبار سے جسم کا معنٰی کیا ہے؟

جو اپنے غیر سے مرکب ہو

228= مشائخ کے ہاں اگر واجب مرکب ہو اور اسکے اجزاء صفاتِ کمال سے متصف ہوں تو کیا لازم آئے گا؟

تعدّدِ وجباء

229= مشائخ کے ہاں اگر واجب مرکب ہو اور اسکے اجزاء صفاتِ کمال سے متصف نہ ہوں تو کیا لازم آئے گا؟

نقص و حدوث

230= تنزیہات کے متعلّق مشائخ کے دلائل کیا ہیں؟

ضعیف

231= اللّٰہ تعالٰی عالَم کیلئے کیا ہے؟

نہ حال نہ محل

232= ہمارے ہاں تمام اوصاف میں اشتِراک ثابت ہونا کیا کہلاتا ہے؟

مُماثلت

233= حضور صلّی اللّٰہ علیه و آله و سلّم کے قول الحنطة بالحنطة مثلًا بمثل میں کونسی برابری مراد ہے؟

فقط کیل میں برابر ہونا نہ کہ اسکے علاوہ میں

234= صلابةٌ کا معنٰی کیا ہے؟

سختی

235= رخاوةٌ کا معنٰی کیا ہے؟

نرمی

236= کس کے ہاں اللّٰہ تعالٰی جزئیات کو نہیں جانتا اور **1** سے زائد پر قادر نہیں معاذ اللّٰہ؟

فلاسفہ

237= کس کے ہاں اللّٰہ تعالٰی کو اپنی ذات کا علم نہیں معاذ اللّٰہ؟

دہریہ

238= کس کے ہاں اللّٰہ تعالٰی جہل اور قبیح کو پیدا کرنے پر قادر نہیں معاذ اللّٰہ؟

نظام

239= کس کے ہاں اللّٰہ تعالٰی اسکے مثل پر قادر نہیں جس پر بندہ قادر ہے معاذ اللّٰہ؟

بلخی

240= کس کے ہاں اللّٰہ تعالٰی اس عین پر قادر نہیں جس پر بندہ قادر ہے معاذ اللّٰہ؟

معتزلہ

241= کس کے ہاں اللہ تعالیٰ عالِم ہے لیکن اس کیلئے علم ثابت نہیں معاذ اللہ؟

معتزلہ

242= کس کے ہاں اللہ تعالیٰ کی صفات حادث ہیں معاذ اللہ؟

کرامیّہ

243= کس کے ہاں اللہ تعالیٰ ایسے کلام کیساتھ متکلم ہے جو قائم بغیرہ ہے معاذ اللہ؟

معتزلہ

244= نصاریٰ کو کتنے قدماء ثابت کرنے کی بنا پر کافر قرار دیا گیا؟

03

245= اقانیمِ ثلاثہ کیا ہیں؟

وجود، علم، حیات

246= نصاریٰ نے اقانیمِ ثلاثہ کا کیا نام رکھا؟

أب، إبن، روح القدس

247= نصاریٰ کے گمان کیمطابق اقنومِ علم کہاں منتقل ہوا؟

حضرت عیسٰی علیہ الصلٰوۃ و السلام کے بدن کیطرف

248= جب ممکن جدا ہوئے بغیر قدیم ذات کیساتھ قائم ہو تو ممکن کا قدیم ہونا ہے؟

جائز

249= اللہ تعالیٰ کی صفات کی نفی کیطرف کون گئے؟

معتزلہ اور فلاسفہ

250= اللہ تعالیٰ کی صفات کے قدیم ہونے کی نفی کس نے کی؟

کرامیّہ

251= صفات کے عینِ ذات و غیرِ ذات کی نفی کس نے کی؟

اشاعرہ

252= ازلی پر عدم کیا ہے؟

محال

253= 1 شے کا تصور دوسری شے کے تصور کے بغیر محال ہو یہ کیا کہلاتا ہے؟

تضایف

254= اگر وصفِ اضافت کا اعتبار کیا جائے تو ہر **2** متضایفَین کے درمیان کیا لازم آئے گا؟

عدمِ مغایرت

255= غیریت کن اسماء میں سے ہے؟

اسماءِ اضافی

256= غیریتِ اسماء کا کون قائل ہے؟

کوئی نہیں

257= موضوع و محمول کے درمیان وجود کے اعتبار سے کیا شرط ہے؟

اتحاد

258= موضوع و محمول کے درمیان مفہوم کے اعتبار سے کیا شرط ہے؟

تغایر

259= یدِ زید کا زید کے علاوہ ہونے کا متکلمین میں سے کون قائل ہے؟

جعفر بن حارث

260= صفةٌ ازليّةٌ تنكشف المعلومات عند تعلّقها بها کس کی تعریف ہے؟

علم

261= صفةٌ ازليّةٌ تؤثّر فی المقدورات عند تعلّقها بها کس کی تعریف ہے؟

قدرت

262= صفةٌ ازليّةٌ تُوجِب صحةَ العلم کس کی تعریف ہے؟

حیات

263= صفةٌ ازليّةٌ تتعلّق بالمسموعات کس کی تعریف ہے؟

سمع

264= صفةٌ ازليّةٌ تتعلّق بالمبصرات کس کی تعریف ہے؟

بصر

265= سمع و بصر کے قدیم ہونے سے کس کا قدیم ہونا لازم نہیں آتا؟

مسموعات و مبصرات کا

266= قدیم صفات کے متعلّقات کیا ہیں؟

حادث

267= کونسی صفت مقدورَین میں سے 1 کی تخصیص کو واجب کرتی ہے؟

ارادہ و مشیئت

268= فعل و تخلیق کو کیا نام دیا جاتا ہے؟

تکوین

269= تخلیق، تصویر، ترزیق، احیاء، اماتت وغیرہ صفات کونسی صفت حقیقیہ ازلیّہ کیطرف لوٹتی ہیں؟

تکوین

270= صفةٌ ازليّةٌ عبّر عنها بالنّظم المسمّى بالقرآن کس کی تعریف ہے؟

کلام